# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسالیبِ نثر اردو۔ 11(5610) سمسٹر: خزاں 2025

سطح: ایم اے (اردو)

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4 ۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF) یا Word فارمیٹ میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1تا4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

۱۔ محمد حسین آزاد کی نثر میں جو مرقع نگاری کا رنگ جھلکتا ہے، اس کی وضاحت کریں اور اس کے اسلوبی محاسن بیان کریں۔ 20

۲۔ آزاد کے طرزِ نگارش کو اردو نثر میں منفرد کیوں سمجھا جاتا ہے؟ اس کا موازنہ دیگر ہم عصر نثر نگاروں سے کریں۔ 20

۳۔ مرزا فرحت اللہ بیگ کی تحریروں میں طنز و مزاح کی فضا کیسی ہے؟ ان کے مزاحیہ اسلوب کی وضاحت کریں۔ 20

۴۔ رشید احمد صدیقی کی تحریروں میں مقامیت کا عنصر کن صورتوں میں اُبھرتا ہے؟ تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

۵۔ ''غبارِ خاطر'' کو اردو مکتوب نگاری کی روایت میں کہاں رکھا جا سکتا ہے؟ اس کے ادبی مقام و اسلوب پر روشنی ڈالیں۔ 20

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

۱۔ مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری کا فکری وسعت اور اسلوبی تازگی کے تناظر میں تنقیدی جائزہ لیں۔ 20

۲۔ پطرس بخاری کی نثر میں مزاح نگاری اور طنزیہ انداز کس خوبی سے ملتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔ 20

۳۔ ضمیر جعفری کی کتاب ''کتابی چہرے'' میں نثر کے کون سے اسلوبی خواص نمایاں ہوتے ہیں؟ وضاحت کریں۔ 20

۴۔ مختار مسعود کا نثری انداز اردو نثر کی کن بڑی روایات سے جڑا ہوا محسوس ہوتا ہے؟ تنقیدی جائزہ لیں۔ 20

۵۔ اردو صحافتی نثر میں عطاء الحق قاسمی کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھیں، نیز ان کی ادبی کالم نگاری خصائص بیان کریں ۔ 20